# کم عمری کے سفید بالوں کا علاج غذا سے ممکن ہے؟



از: السٹر کھومی (بی بی سی)

ایشلے کی عمر ابھی صرف 14 برس تھی جب ان کی ایک دوست نے ان کے بالوں میں سفید لٹ دیکھی اور ایشلے کو بتایا۔ یہ لمحہ کئی برسوں تک ان کی شکل وصورت کے بارے میں احساسات بدلنے والا ثابت ہوا۔

کینیڈا کی رہائشی ایشلے اب 28 سال کی ہیں۔ سکول کے اس دور کو یاد کرتے ہوئے وہ بتاتی ہیں کہ ’میں فوراً گھبرا گئی اور میں نے سوچا کہ نہیں، میرے بال سفید کیسے ہو سکتے ہیں، میری تو عمر صرف 14 سال ہے۔‘

اس روز وہ سکول کے بعد جب گھر گئیں اور آئینے میں بال دیکھے تو انھیں مزید سفید بال نظر آئے۔ وہ کہتی ہیں کہ ’مجھے بہت شرمندگی محسوس ہوئی۔‘

ایشلے نے اپنے والدین سے بال رنگنے کی اجازت کی درخواست کی۔ وہ کہتی ہیں کہ ’جب آپ سب کے ساتھ گھلنے ملنے کی کوشش کر رہے ہوتے ہیں تو سفید بال اس میں بالکل فٹ نہیں بیٹھتے۔ میں صرف اسے چھپانے کی کوشش کر رہی تھی۔‘

کیا لوگوں کے بال اب پہلے سے زیادہ جلدی سفید ہو رہے ہیں؟

ماہرین کے مطابق بال سفید ہونے میں سب سے اہم کردار جینیات یا وراثت کا ہوتا ہے اور ٹیسٹ سے پتہ چلا کہ ایشلے کے معاملے میں بھی یہی وجہ تھی۔

ان کی والدہ کے بال بھی 14 سال کی عمر میں سفید ہونا شروع ہوئے تھے اور ان کی نانی کے بالوں میں تقریباً 17 سال کی عمر میں سفیدی آ گئی تھی۔

ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ ان کے پاس اب زیادہ تعداد میں ایسے نوجوان آ رہے ہیں جو قبل از وقت بال سفید ہونے کے بارے میں فکرمند ہیں اور ان میں سے زیادہ تر کی عمریں 20 سے 30 سال کے درمیان ہوتی ہیں۔

ماہرین کے مطابق اگر کوئی شخص صحت مند طرزِ زندگی اختیار کرتا ہے تو اس کے بالوں کی عمومی طور پر، جس عمر میں سفیدی آتی ہے ان میں مختلف نسلوں کے لیے عمر مختلف ہے۔

مثلاً یورپی نسل کے افراد میں عام طور پر بال 35 سال کی عمر میں سفید ہونا شروع ہوتے ہیں۔ ایشین اور افریقی نسل کے افراد میں یہ عمل تقریباً اس کے 10 سال بعد شروع ہوتا ہے۔ اس عمر سے پہلے بال سفید ہونا قبل از وقت عمل یا (پری میچیور گریئنگ) سمجھا جاتا ہے۔ یعنی یورپی نسل کے لیے 20 سال سے پہلے، ایشیائی نسل کے لیے 25 سال سے پہلے اور افریقی نسل کے لیے 30 سال کی عمر سے پہلے بالوں میں سفیدی ’پری میچیور گریئنگ‘ ہے۔

یہ حدود اس بنیاد پر طے کی گئی ہیں کہ مختلف نسلوں میں بالوں کو رنگ دینے والے خلیے (پگمنٹ سیل) مختلف رفتار سے اپنا عمل بند کرتے ہیں۔ کچھ نسلوں میں یہ عمل دیر سے رُکتا ہے۔

برطانیہ کے جنرل پریکٹیشنر ڈاکٹر سرمد مزہر کے مطابق ’ان حدود سے ہمیں یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ کب سفید بال عام بڑھاپے کے حصے کے طور پر آ رہے ہیں اور کب ہمیں دیگر وجوہات تلاش کرنی چاہییں۔‘

بال سفید کیوں ہوتے ہیں؟

جلد کے اندر موجود بالوں کی جڑوں یعنی ہیئر فالیکلز (hair follicles) سے بال اگتے ہیں۔ انھی جڑوں میں میلانوسائٹس نامی خلیے بھی پائے جاتے ہیں جو رنگ پیدا کرنے والے اجزا بناتے ہیں۔

میلانوسائٹس دو قسم کے میلانن بناتے ہیں:

یومیلانن، جو بالوں کے سیاہ یا بھورے ہونے کی شدت طے کرتا ہے

فیومیلانن، جو بالوں میں سرخی یا زردی پیدا کرتا ہے

یہی دو رنگ دار مادے ہماری جلد اور آنکھوں کے رنگ کا بھی تعین کرتے ہیں۔

نیویارک یونیورسٹی کے محققین کی ایک تحقیق کے مطابق جیسے جیسے بال پرانے ہو کر گرتے اور دوبارہ اگتے ہیں، بالوں کی جڑوں میں موجود میلانوسائٹ سٹیم سیلز کے کام میں کمی آتی جاتی ہے۔

یہ خلیے حرکت کرنا بند کر دیتے ہیں اور جڑ میں ایک جگہ رک جاتے ہیں جس کے نتیجے میں وہ مکمل طور پر رنگ پیدا کرنے والے خلیوں میں تبدیل نہیں ہو پاتے۔

جب بالوں کو رنگ دینے والا رنگ دار مادہ پگمینٹ بننا بند ہو جاتا ہے تو بال سفید، چاندی جیسے یا سرمئی نظر آنے لگتے ہیں۔ کیا غذائی کمی کی وجہ سے بال جلدی سفید ہو سکتے ہیں؟

امریکہ اور برازیل کے سائنس دانوں نے تحقیق میں دریافت کیا کہ شدید ذہنی دباؤ سے وہ خلیے متاثر ہو سکتے ہیں جو جلد اور بالوں کا رنگ برقرار رکھتے ہیں۔

ماہرین کے مطابق اگرچہ جینیاتی عوامل زیادہ اہم ہیں لیکن غذائی کمی یا جسم میں وٹامنز اور معدنیات کی کمی بھی بالوں کے قبل از وقت سفید ہونے میں کردار ادا کر سکتی ہے۔ اس میں وٹامن ڈی، وٹامن B12، تانبا (کاپر)، آئرن، زنک اور فولیٹ شامل ہیں۔ ان میں سے خاص طور پر وٹامن B12 کی کمی کو بالوں کی سفیدی کی سب سے عام وجہ سمجھا جاتا ہے۔ وٹامن B12 خون کے سرخ خلیے بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے جو بالوں کی جڑوں سمیت جسم کے مختلف حصوں تک آکسیجن پہنچاتے ہیں۔ جب بالوں جڑوں تک آکسیجن مناسب مقدار میں پہنچتی ہے تو رنگ پیدا کرنے کا عمل درست رہتا ہے۔

ڈاکٹر سرمد مزہر کے مطابق ’وٹامن B12 زیادہ تر جانوروں سے حاصل ہونے والی غذاؤں میں پایا جاتا ہے۔ اگر کوئی شخص مکمل طور پر ویگن یعنی سبزی خور (Vegan) ہے اور سپلیمنٹس نہیں لیتا تو اس وٹامن کی کمی سب سے پہلے دیکھنی چاہیے۔‘

تانبا یعنی کاپر بھی ایک اہم عنصر ہے کیونکہ یہ میلانن بنانے کے عمل میں مدد دینے والے ٹائروسنیز (tyrosinase) نامی انزائم کو فعال کرتا ہے۔

تانبے سے بھرپور غذاؤں میں جھینگے اور شیل فش، تل، گہرے سبز پتوں والی سبزیاں اور کلیجی شامل ہیں تاہم یاد رہے کہ ماہرین کچھ وٹامنز یا منرلز کی زیادتی کے نقصان دہ ہونے سے متعلق بھی خبردار کرتے ہیں۔

زیادہ زنک (Zinc) یا وٹامن سی لینے سے جسم میں تانبا جذب کرنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے جس سے بال سفید ہونے کا امکان بڑھ سکتا ہے۔

# مونالیزا، سونے کا ٹوائلٹ: آرٹ کی تاریخ کی بڑی چوریاں



از: پنیلپی جیکسن

دنیا کے سب سے بڑے آرٹ میوزیم لوور کے ذخیرے میں تقریباً پانچ لاکھ فن پارے شامل ہیں، جن میں سے لگ بھگ 30 ہزار نمائش پر ہوتے ہیں، اور یہ سالانہ اوسطاً 80 لاکھ سیاحوں کو خوش آمدید کہتا ہے۔

کسی بھی پیمانے پر یہ میوزیم بہت بڑا ہے، دیکھ بھال کے لیے لوگوں اور اشیا کی ایک بڑی تعداد موجود رہتی ہے۔ اتوار کے دن خاص طور پر بھیڑ ہوتی ہے۔

دو دن قبل ایک بے حد فلمی واردات میں چار آدمی فلورسنٹ جیکٹیں پہنے، اتوار کی صبح ساڑھے نو بجے سامان ڈھونے والے ایک ٹرک میں لوور پہنچے۔ انہوں نے فوراً کام شروع کیا، سیڑھی دوسری منزل تک اٹھائی، اوپر چڑھے، کھڑکی کاٹ کر گیلری میں داخل ہوئے اور پاور ٹولز لہراتے ہوئے نوادر نوادرات اٹھا لیے۔

جو اشیا اڑائی گئیں وہ فرانس ملکہ یوجینی کے شاہی زیورات کا حصہ تھیں۔ یہ نپولین سوم کی بیگم اور فنون کی سرپرست تھیں لیکن چوروں کی اصل مشکل چوری کے بعد شروع ہوئی ہے کہ وہ ایسی بے بہا اشیا کے ساتھ کریں گے کیا؟ وہ انہیں پہن نہیں سکتے کیوں کہ اتنی بھاری اور چمکاتی ہوئی ہیں کہ چھپائے نہ چھپیں۔ نہ ہی انہیں قانونی طور پر بیچا بھی نہیں جا سکتا کیونکہ ان کی تصاویر انٹرنیٹ پر ہر جگہ موجود ہیں۔

چوروں کے نقطۂ نظر سے بہترین صورت یہی ہو سکتی ہے کہ زیورات کو توڑ کر قیمتی دھاتیں پگھلا لی جائیں اور جواہرات الگ الگ بیچ دیے جائیں۔

ملزموں نے ملکہ یوجینی کا تاج بھی اٹھایا تھا جسے بعد میں سکوٹروں پر فرار ہوتے ہوئے پھینک دیا۔ اس تاج میں آٹھ سنہری عقاب، 1,354 برلنٹ کٹ ہیرے، 1,136 روز کٹ ہیرے اور 56 زمرد جڑے ہیں۔ مختصر یہ کہ بیچنے کے لیے الگ الگ جواہرات کی خاصی بڑی مقدار بن جاتی ہے۔

وقت انتہائی اہم ہے

لوور کے لیے کوئی بھی ڈکیتی ایک بڑا دھچکہ ہے۔ اس سے ان کے الیکٹرانک اور انسانی دونوں طرح کے سکیورٹی انتظامات پر سوال اُٹھتے ہیں۔ پانچ محافظ قریب ہی موجود تھے جنہوں نے سیاحوں کی حفاظت کو مقدم رکھا اور الارم بھی بجے لیکن پوری واردات سات منٹ میں مکمل ہو گئی۔

اس قسم کی ڈکیتیوں میں وقت فیصلہ کن ہوتا ہے۔ 2019 میں انگلینڈ کے بلین ہائم پیلس سے 18 قیراط سونے کا ٹوائلٹ چوری ہو گیا جس کا عنوان America (2016) تھا اور جس کے خالق آرٹسٹ ماؤرِیتسیو کاتیلان ہیں۔ ساڑھے پانچ منٹ میں اڑا لیا گیا۔ اس کا وزن 98 کلوگرام تھا اور وہ مکمل طور پر قابلِ استعمال تھا۔ یعنی جن دو افراد نے اسے اٹھایا (اور بعد میں پکڑے گئے اور قید کی سزائیں بھگتیں) انہوں نے نہایت تیزی اور مہارت سے کام کیا۔ چوری کے وقت صرف سونے کی شکل میں اس کی مالیت تقریباً 60 لاکھ آسٹریلوی ڈالر لگائی گئی تھی۔

ولندیزی پینٹر ونسنٹ وان گوگ کی پینٹنگ The Parsonage Garden at Nuenen in Spring (1884) نیدرلینڈز کے سنگر لارین میوزیم سے 2020 کی کووڈ بندش کے دوران چوری ہوئی۔ اسے 2023 کے اواخر میں ڈچ آرٹ ڈیٹیکٹو آرتھر برانڈ کی تحقیق کے بعد بازیاب کرا لیا گیا۔

2017 میں آکلینڈ کے انٹرنیشنل آرٹ سینٹر سے گوٹ فریڈ لنڈاور کی دو پینٹنگز کی چوری چند منٹ میں مکمل ہوئی۔ چوروں نے نیلام گھر کی اگلی کھڑکی پر گاڑی چڑھا دی جہاں یہ پینٹنگز (جن کی مالیت دس لاکھ نیوزی لینڈ ڈالر تھی) نمائش پر تھیں۔ یہ پورٹریٹس پانچ سال بعد ایک ثالث کے ذریعے معمولی نقصان کے ساتھ برآمد ہوئیں۔

چوری شدہ فن پاروں کی برامدگی

نیشنل گیلری آف وکٹوریا کی پکاسو پینٹنگ Weeping Woman (1937) کو 1986 میں آسٹریلین کلچرل ٹیررسٹس نے چرا لیا مگر اس کی گمشدگی کا علم دو دن بعد ہوا۔ پینٹنگ دو ہفتے سے کچھ زائد میں برآمد ہو گئی اور اسے سپنسر سٹریٹ ریلوے اسٹیشن کے ایک لاکر میں گیلری کے عملے کے لیے چھوڑ دیا گیا تھا۔ اس چوری کی محرک وکٹورین فنکاروں کے لیے مالی معاونت کی کمی کو اجاگر کرنا بتایا گیا لیکن چوروں کی اصل شناخت آج تک معمہ ہے۔

1986 میں مغربی آسٹریلیا کے نیو نورشیا میں بینیڈکٹائن خانقاہ کی گیلری سے مذہبی موضوعات پر مشتمل 26 پینٹنگز چوری ہوئیں لیکن چوروں کی منصوبہ بندی کچی تھی۔ انہیں اندازہ نہیں ہو سکا کہ ان کی گاڑی تین آدمیوں اور بھاری پینٹنگز کا بوجھ اٹھا سکے گی۔ انہوں نے پینٹنگز کو فریموں سے کاٹ دیا گیا، عملاً بگاڑ دیا گیا۔ ایک تو مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ بعد میں چور پکڑے گئے اور ان پر فردِ جرم عائد ہوئی۔

چور کے لیے اگلا قدم کیا؟

ڈکیتیوں کے بعد اشیا کی برآمدگی کی شرح کم ہوتی ہے۔ اس کی درست تعداد لگانا مشکل ہے مگر بعض کے مطابق دنیا بھر میں آرٹ کی بازیابی شاید صرف دس فیصد تک رہتی ہے۔ پینٹنگز کو آگے بیچنا زیادہ مشکل ہوتا ہے کیوں کہ ان کی ظاہری شکل اس حد تک بدلی نہیں جا سکتی کہ پہچانی نہ جائیں۔ البتہ سونے کے ٹوائلٹ یا زیورات جیسی اشیا میں قیمتی دھاتیں اور جواہرات دوبارہ استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ اب یہ وقت ہی بتائے گا کہ لوور سے چوری ہونے والے زیورات واپس ملتے ہیں یا نہیں۔


اس میوزیم کا سب سے مشہور فن پارہ مونالیزا ہے اور یہ بھی چوروں سے بچ نہیں سکا۔ لیونارڈو ڈاونچی کی یہ پینٹنگ 1911 میں چوری ہوئی اور دو سال بعد برآمد ہو گئی۔ چور وِنچنزو پیروجا ایک اطالوی مستری تھا جو لوور میں کام کرتا تھا اور اسے پینٹنگ بیچنے کی کوشش میں پکڑا گیا۔

لوور میں ہونے والی یہ تازہ واردات عوامی عجائب گھروں میں موجود اشیا کے تحفظ کی کمزوری کو اجاگر کرتی ہے۔ ستم ظریفی یہ کہ اکثر یہ نوادرات انہی اداروں کو حفاظت کے لیے عطیہ کیے جاتے ہیں۔ جن محافظوں پر ان اشیا کی نگہبانی کی ذمہ داری ہوتی ہے انہیں عموماً کم سے کم اجرت ملتی ہے لیکن ذمہ داری بے حد بھاری ہوتی ہے۔ جب بجٹ میں کٹوتیاں کی جاتی ہیں تو اکثر سکیورٹی سٹاف ہی کم کیا جاتا ہے، جیسا کہ گذشتہ ہفتے آرٹ گیلری آف نیو ساؤتھ ویلز کے اعلان میں ہوا۔

لوور کے چور جانتے تھے کہ انہیں کیا چاہیے اور کیوں۔ ہمیں ان کی محرکات کا علم نہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ چوری شدہ زیورات فرانس کی تاریخ کا حصہ ہیں اور انمول ہیں۔ ان کی چوری نے سیاحوں کو محروم کر دیا ہے کہ وہ انہیں انفرادی طور پر ان کی خوب صورتی اور دست کاری کے سبب اور اجتماعی طور پر فرانس کی تاریخ کے تناظر میں دیکھ سکیں۔

□□□□□□□□

# دوستی.... ایک خوبصورت اور منفرد رشتہ ہے



آئی این این فیچر

نیک، پُرخلوص اور مثبت سوچ کے حامل دوست کو زندگی کی بڑی نعمتوں میں سے ایک نعمت شمار کیا جا سکتا ہے۔ دوستی کرنا اور دوستی میں مضبوطی اور پائیداری قائم رکھنا مختلف باتیں ہیں کیونکہ بیشتر افراد اپنی ناپسندہ عادتوں اور نادانستہ غلطیوں کے باعث سے دوست سے محروم ہو جاتے ہیں۔ ٹوٹی ہوئی دوستی دوبارہ قائم تو کی جا سکتی ہے لیکن اس میں وہ خوبصورتی اور مٹھاس باقی نہیں رہتی، جو دوستی کا خاصا ہے۔ کسی اچھے دوست کی دوستی سے محرومی بھی ایک المیہ سے کم نہیں۔ شخصیت کی چھوٹی لیکن اہم خامیوں پر قابو پا کر دوستی کے رشتے میں مضبوطی قائم کی جا سکتی ہے۔ اپنی ذات میں لائی گئی معمولی تبدیلیاں ہمیں دوستوں کی نظر میں خصوصی عزت اور توقیر عطا کر سکتی ہیں۔

خود پسند طبیعت

خود پسند طبیعت دوستی کی پائیداری میں سب سے بڑی رکاوٹ سمجھی جا سکتی ہے۔ شخصیت، علم اور مثبت سوچ سے متاثر ہو کر دوستی کا رشتہ استوار تو کیا جا سکتا ہے مگر اس خوبصورت رشتے کو برقرار رکھنے کے لئے اپنے اندر تبدیلیاں لانا بھی بہت ضروری ہے۔ خود پسند طبیعت رکھنے والے افراد عموماً دوستی سے محروم ہو جاتے ہیں، اپنے مسائل اور ذات سے متعلق بہت زیادہ گفتگو دوست سے دوری کا سبب بن سکتی ہے کیونکہ ایسی عادات سے خود غرضی ظاہر ہوتی ہے۔ اپنی ظاہری شان و شوکت سے دوست پر برتری حاصل کرنا اور اپنی ذات کے متعلق تعریفی کلمات کہتے رہنے والے افراد کبھی بھی اچھے دوست ثابت نہیں ہو سکتے ہیں اور نہ بے لوث دوستی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس لئے اس عادت سے پیچھا چھڑا لیں ورنہ تنہائی آپ کا مقدر ہو سکتی ہے۔

اختلافات کو نظر انداز کریں

نقطۂ نظر سے اختلاف رکھنا ایک فطری رویہ ہے، صحتمند تعلق میں معمولی اختلافات کو نظر انداز کرنا ضروری ہے۔ ایک انسان کی سوچ دوسرے سے مختلف ہوتی ہے۔ دوستوں سے یہ امید نہیں رکھنی چاہئے کہ وہ زندگی کے تمام تر معاملات میں آپ کے نقطۂ نظر سے اتفاق کریں گے۔ صحتمند اختلاف، دوستی کے تعلق کی مضبوطی کا باعث بنتا ہے۔ دوست کے خیالات کو یکسر مسترد کر دینا یا اس کے نقطۂ نظر کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہنا دوستی کو کمزور کرنے کا باعث بنتا ہے۔ بے جا انا پسندی اور بحث سے خوبصورت رشتے میں بوجھل پن پیدا ہو جاتا ہے۔

.....(جاری).....


# دماغی کارکردگی شاندار کیسے بنائیں؟

تحریر: قاسم علی شاہ

1893 میں شکاگو ورلڈ فیئر کے نام سے ایک عالمی نمائش کا انعقاد کیا گیا تھا جس میں دنیا بھر سے لاکھوں افراد شریک ہوئے تھے۔ اس میلے میں نئی ایجادات کی رونمائی کے ساتھ ساتھ اس بات کا فیصلہ کرنا بھی تھا کہ مستقبل میں بجلی کس نظام پر چلے گی۔ تھامس ایڈیسن ڈائریکٹ کرنٹ (DC) کا حامی تھا جبکہ نکولا ٹیسلا اور جارج ویسٹنگ ہاؤس آلٹرنیٹنگ کرنٹ (AC) کو بہتر قرار دے رہے تھے۔

بیشتر لوگ اپنی ذہنی صلاحیتوں سے ناواقف ہونے کی وجہ سے زندگی کو خوشحال اور پرسکون نہیں بنا پاتے

ٹیسلا کو اپنا موقف ثابت کرنے کا موقع دیا گیا، اس نے اپنے فن کا جادو دکھایا اور 600 ایکڑ پر پھیلے علاقے کو پہلی بار AC بجلی سے روشن کیا، برقی قمقمے دن کی طرح جگمگانے لگے اور مشینیں حرکت میں آ گئیں۔ یہ دیکھ کر حاضرین سکتے میں آ گئے، کیونکہ یہ نظارہ وہ پہلی بار دیکھ رہے تھے۔ اس آئیڈیا نے بجلی کی صنعت کا نقشہ بدل دیا، ہمارفین کو سہولت مل گئی اور کمپنیوں نے بھرپور دولت بھی کمائی۔ ٹیسلا کی شہرت آسمان کو چھونے لگی اور میڈیا نے اسے ”برقی جادوگر“ کا لقب دیا۔ برقیات کی دنیا میں آج جتنی بھی حیرت انگیز ایجادات ہوئی ہیں، ان کا سہرا نکولا ٹیسلا کے سر ہے۔ لمبے قد کا دبلا پتلا انسان جو اپنی تیز نگاہوں سے لوگوں کو متاثر کر دیتا تھا، خدا نے اسے غیر معمولی دماغ سے نوازا تھا جس کا استعمال کرتے ہوئے اس نے دنیا کو کئی تحفے دیے۔ آج ہمارے گھروں میں جو بجلی موجود ہے یہ ٹیسلا کی بدولت ہے۔ ان کارناموں کے پیچھے اس کی منفرد شخصیت تھی۔ وہ دن میں صرف دو گھنٹے سوتا لیکن اس کے باوجود اس نے اپنے ذہن کی ایسی تربیت کی تھی کہ وہ گہری توجہ اور تخلیقی کیفیت میں بھرپور وقت گزار سکتا تھا۔ وہ تخیل کی صلاحیت سے مزین تھا، جسے استعمال کرتے ہوئے وہ خیالات کی دنیا بسا لیتا اور نئے خیال کو اتنی شدت سے محسوس کرتا جیسے وہ ایک جیتی جاگتی شے ہو۔ ماہرین نفسیات کا کہنا ہے کہ تخیل کی مضبوط طاقت نے ٹیسلا کو دنیا کا سب سے عظیم موجد بنایا تھا۔



البرٹ آئن اسٹائن کا قول ہے کہ تخیل علم سے زیادہ اہم ہے کیونکہ علم وہی ہے جو موجودہ حقیقت تک محدود ہوتا ہے جب کہ تخیل پوری دنیا کو اپنے دائرے میں سمیٹ لیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو ذہن کی صورت میں ایک شاندار تحفہ عطا کیا ہے، جس کی بدولت وہ دنیا بدل سکتا ہے لیکن ہم میں سے بیشتر لوگ ذہن کی صلاحیتوں سے ناواقف ہوتے ہیں، اسی وجہ سے اکثر لوگ زندگی میں ناکام بھی ہوتے ہیں۔ یقین کریں کہ اگر ہم اس اہم چیز کو جان جائیں تو اس کی بدولت نہ صرف اپنی کارکردگی بہتر بنا سکتے ہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ زندگی کو خوشحال اور پرسکون بھی بنا سکتے ہیں۔

آئیے جانتے ہیں کہ صبح سے شام تک ہم کن ذہنی کیفیات سے گزرتے ہیں۔

(1) گاما لہریں: یہ دماغ کی سب سے تیز اور طاقتور برقی لہریں ہیں، اس وقت ذہن آب و تاب پر ہوتا ہے۔ انتہائی توجہ کے وقت، مختلف خیالات کو جوڑتے وقت یا کوئی مشکل تصور سمجھتے وقت اس طرح کی لہریں خارج ہوتی ہیں۔ گاما لہریں دماغ کے مختلف حصوں کو ہم آہنگ کر کے سوچ کو مربوط بناتی ہیں۔ اعلیٰ درجے کی تخلیقی صلاحیت اور مسئلہ حل کرنے کی قابلیت ان لہروں کی بدولت پیدا ہوتی ہے۔ جن افراد میں گاما لہروں کی سطح بلند ہوتی ہے وہ زیادہ پرسکون، خوش مزاج اور ہمدرد ہوتے ہیں۔

(2) بیٹا لہریں: اس کیفیت میں انسان چوکس رہتا ہے، دماغ سب سے زیادہ جاگتا ہے۔ دن کے وقت ہم اسی حالت میں ہوتے ہیں۔ مطالعہ کرنا، کسی مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کرنا جیسے کاموں میں بیٹا لہریں ہماری مدد کرتی ہیں اور ہمارے دماغ کو منطقی، تجزیاتی اور حقیقت پسند بناتی ہیں۔ بیٹا لہریں ہمیں Productive بناتی ہیں تاہم اگر یہ حد سے بڑھ جائیں تو ہمیں بے چینی، تناؤ اور ذہنی تھکن میں بھی مبتلا کر دیتی ہیں۔ ان لہروں کو بہتر بنانے کے لیے مطالعہ، پزلز حل کرنا یا منصوبہ بندی کرنا بہترین عمل ہے نیز Pomodoro Technique یعنی 25 منٹ کام اور 5 منٹ وقفہ اس میں خاص طور پر موثر ہے۔

(3) الفا لہریں: اس کیفیت میں دماغ پرسکون مگر بیدار ہوتا ہے۔ جب ہم پرسکون بیٹھے ہوں، ہلکی موسیقی سن رہے ہوں، مراقبہ کر رہے ہیں یا صبح آنکھ کھلنے کے بعد بستر پر خاموش لیٹے ہوں تو اس وقت الفا لہریں غالب آتی ہیں۔ اس وقت دماغ نہ زیادہ دباؤ میں ہوتا ہے اور نہ نیند میں، بلکہ ایسی متوازن حالت میں ہوتا ہے جس میں سکون اور تخلیقی سوچ دونوں پائے جاتے ہیں۔ اکثر اوقات بہترین آئیڈیاز اسی کیفیت میں آتے ہیں۔ الفا لہروں کو موثر بنانے کے لیے مائنڈ فلنیس، گہرے سانس کی مشق، فطرت میں وقت گزارنا، ہلکی موسیقی سننا بہترین ہے، نیز سونے سے پہلے اسکرین کا استعمال بالکل مت کریں۔

(4) تھیٹا لہریں: جب ہم تخیل، خواب یا گہرے مراقبے میں ہوں تو اس وقت ذہن پر تھیٹا لہریں غالب ہوتی ہیں۔ نیند کے ابتدائی مرحلے میں بھی یہ کیفیت ہوتی ہے اور اکثر بہترین تخلیقی آئیڈیاز اور وجدانی خیالات اسی وقت آتے ہیں۔ تھیٹا لہریں ہمیں اپنے لاشعور سے جوڑتی ہیں۔ فن کار اور لکھاری تخلیقی لمحات میں اسی کیفیت میں ہوتا ہے۔ اس کیفیت میں جانے کے لیے نیند کا قریب وقت بہترین ہے، جیسے صبح آنکھ کھلنے کے فوراً بعد یا رات سونے سے پہلے۔ ہلکی یوگا اور ڈائری لکھنا بھی لاشعور کو متحرک کرتا اور تھیٹا لہروں کو بڑھاتا ہے۔

(5) ڈیلٹا لہریں: یہ دماغ کی سب سے کم رفتار اور گہری لہریں ہیں جو صرف گہری نیند میں آتی ہیں۔ اس کیفیت میں جسم اپنے خلیات کی مرمت کرتا ہے اور دماغ زہریلے مادے صاف کرتا ہے۔ ڈیلٹا لہریں قوتِ مدافعت اور یادداشت کو مضبوط بناتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ گہری نیند نہیں لے پاتے، وہ دن کے وقت جلدی تھک جاتے ہیں، ایسے افراد کی توجہ اور یادداشت بھی کمزور ہوتی ہے۔ ڈیلٹا لہروں کو بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ سونے اور جاگنے کا وقت ایک جیسا رکھیں، کمرہ تاریک، ٹھنڈا اور پرسکون رکھیں، سونے سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے موبائل اور اسکرین دیکھنا بند کر دیں اور شام کے بعد کیفین نہ لیں۔

.......(جاری)

